# بریسٹ یونٹ میں فوری ریفرلز سے متعلق مریض کے لیے معلومات

## یہ معلوماتی پرچہ بتاتا ہے کہ آپ کے GP نے آپ کو ہسپتال کیوں ریفر کیا ہے اور آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے

**مجھے فوری طور پر چھاتی کی یونٹ میں کیوں ریفر کیا گیا ہے؟**
آپ کے GP کو لگتا ہے کہ کینسر کے امکان کو خارج کرنے کے لیے آپ کی چھاتی کی علامات کی مزید تفتیش کی ضرورت ہے۔ آپ کے GP نے نیشنل گائیڈ لائنز پر عمل کیا ہے، جو یہ یقینی بنانے کے لیے نافذ العمل ہیں کہ مریضوں کو جتنی جلدی ممکن ہو دیکھا جاتا ہے۔

**کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ مجھے چھاتی کا کینسر ہے؟**
فوری ریفرل دیے جانے کا لازمی مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کو کینسر ہے۔ جن زیادہ تر لوگوں کو فوری طور پر ریفر کیا جاتا ہے انہیں کینسر نہیں ہوتا ہے۔ تاہم، آپ کو اس وجہ سے ریفر کیا گیا ہے کہ آپ کو کسی اسپیشلٹ کو دکھانے یا جلدی سے کچھ تفتیشات کروانے کی ضرورت ہے تاکہ آپ کی چھاتی کی علامات کی وجہ کا پتہ لگانے میں مدد ملے۔ کینسر کی تشخیص ہو جانے کی صورت میں، پھر بروقت تشخیص کا مطلب یہ ہے کہ علاج کے زیادہ موثر ہونے کا امکان ہے۔ لہذا، ضروری ہے کہ ریفرل دیے جانے سے 4 ہفتے کے اندر آپ کو دیکھا جائے۔

**مجھے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟**

- یقینی بنائیں کہ آپ کا درست پتہ اور ٹیلیفون نمبر بشمول موبائل نمبر اگر آپ کے پاس ہے تو وہ بھی آپ کے GP کے پاس موجود ہے۔
- **یہ ریفرل نہایت ضروری ہے۔ براہ کرم یقینی بنائیں کہ آپ اگلے 28 دنوں کے اندر اپائنٹمنٹ کے لیے** دستیاب ہیں۔ اگر آپ اگلے 4 ہفتوں میں اپائنٹمنٹ میں حاضر ہونے سے قاصر ہیں، تو براہ کرم اپنے GP کو بتائیں۔
- اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہے، رسائی کی ضرورت ہے یا آپ کو خاتون صلاح کار چاہیے، تو براہ کرم اپنی اپائنٹمنٹ سے پہلے ہسپتال کو مطلع کریں۔
- اپنی فوری اپائنٹمنٹ پر آپ کے متفق ہو جانے پر، ضروری ہے کہ آپ اس میں حاضر ہوں، تاکہ آپ کی نگہداشت میں تاخیر نہ ہو۔
- اگر آپ اپنی اپائنٹمنٹ میں آنے سے قاصر ہوں تو براہ کرم ہسپتال کو فوری طور پر بتائیں اور ایک متبادل کا انتظام کیا جا سکتا ہے۔
- اگر آپ دو مواقع پر ہسپتال کی اپنی اپائنٹمنٹ میں حاضر نہیں ہوتی ہیں تو، آپ کو واپس آپ کے GP کے پاس بھیجا جائے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کسی اور کو یہ اپائنٹمنٹ مل سکے۔

**اس کے بعد کیا ہو گا؟**
ہسپتال میں ہی موجود بریسٹ یونٹ یا تو بذریعہ ڈاک، بذریعہ ٹیلیفون یا ٹیکسٹ آپ کی اپائنٹمنٹ کے بارے میں آپ کو مطلع کرے گا۔ اگر آپ کو اپنے GP کو دکھانے سے ایک ہفتے کے اندر ان کی طرف سے کوئی جواب نہیں ملتا ہے تو براہ کرم اپنی GP پریکٹس سے رابطہ کریں۔ یا، اگر آپ اس ہسپتال کو جانتی ہیں جہاں آپ کو ریفر کیا گیا ہے، تو آپ ان کے پیشنٹ ایڈوائس اینڈ لائزن سروسز ڈیپارٹمنٹ (PALS) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ آپ اپائنٹمنٹس میں کسی دوست یا فیملی ممبر کو اپنے ساتھ لانا چاہیں، کیونکہ اعانت کے لیے یا طبی ٹیم آپ سے جو بات کرے گی اس کو سمجھنے کے بارے میں اگر آپ کے خدشات ہوں تو یہ بہت مددگار ہو سکتی ہے۔ ملاقاتیوں کے بارے میں رہنمائی کے لیے براہ کرم اپنی اپائنٹمنٹ کا خط چیک کریں۔

**میری اپائنٹمنٹ میں کیا ہوگا؟**

بریسٹ کلینک میں آپ کے پہنچنے پر آپ کو ریسپشن پر رجسٹریشن کروانا چاہیے۔ پھر ایک ڈاکٹر یا نرس کے ذریعے جو چھاتی کے امراض کے اسپیشلسٹ ہوتے ہیں آپ کو دیکھا جائے گا اور جو آپ کو درپیش ہو سکنے والی کسی تشویشات کو سنیں گے۔ وہ آپ کی علامات کے بارے میں پوچھیں گے، آپ کا معائنہ کریں گے اور کچھ ٹیسٹ کا انتظام کریں گے۔ بریسٹ ٹیم اپائنٹمنٹ والے دن ہی سارے ٹیسٹ کروانے کا ہدف رکھے گی اور اسی وجہ سے آپ کو اپائنٹمنٹ کے لیے تین گھنٹے کا وقت رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

آپ کی ملاقات تین حصوں پر مشتمل ہوگی:

1. اپنی علامات پر گفتگو کرنے اور جسمانی معائنہ کروانے کے لیے اپنے ڈاکٹر یا نرس سے ملنا۔
2. چھاتی (چھاتیوں) کی تصویر نگاری۔ مطلوبہ تصویر نگاری ٹیسٹ کی قسم عام طور پر عمر پر منحصر ہوتی ہے۔ 40 سال سے زائد عمر کی خواتین کے لیے یہ عموماً میموگرام (چھاتی کا ایکسرے) کی مدد سے کی جاتی ہے۔ ایک الٹرا ساؤنڈ اسکین (گنگنے جیلی سے ڈھکا ہوا ایک پروب جسے چھاتی کے اوپر دوڑایا جاتا ہے) بھی ضروری ہو سکتا ہے۔ 40 سال سے کم عمر کی خواتین کے لیے، عام طور پر صرف الٹرا ساؤنڈ کا ہی مشورہ دیا جاتا ہے۔ کبھی کبھار ہی 40 سال سے کم عمر کی خواتین کو میموگرام کی ضرورت ہوگی۔
3. آپ کے معائنہ اور تصویر نگاری کے نتائج کے لحاظ سے ایک بایوپسی (چھاتی کے خلیوں یا نسیج کا تھوڑا سا نمونہ) انجام دی جا سکتی ہے۔ ڈاکٹر/نرس اس دن اس طریقہ کار کے بارے میں مزید وضاحت کریں گے۔

آپ کی اپائنٹمنٹ کے دوران آپ سے کمر سے اوپر کپڑا اتارنے کو کہا جائے گا اور اس وجہ سے ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ علیحدہ کپڑے جیسے ٹاپ مع اسکرٹ یا ٹراؤزر پہنیں۔ عفونت ربا اور خوشبودار پاؤڈر میموگرام کی کوالٹی کو متاثر کر سکتے ہیں لہذا براہ کرم اپنی اپائنٹمنٹ والے دن انہیں استعمال نہ کریں۔ متبادل طور پر، اگر آپ کو میموگرام کی ضرورت ہے تو آپ انہیں دھو کر ختم کر سکتی ہیں۔

**مجھے میرے نتائج کب ملیں گے؟**

تصویر نگاری (میموگرام اور/یا الٹرا ساؤنڈ) کے نتائج عموماً کلینک میں آپ کی موجودگی کے دوران ہی دستیاب ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کی بایوپسی ہوئی ہے تو آپ سے لگ بھگ اگلے ہفتے نتائج کے لیے واپس آنے کو کہا جائے گا۔

**کوئی سوال ہے؟**

اگر آپ کو ہسپتال میں اپنے ریفرل سے متعلق کوئی خدشات یا سوالات ہیں، تو براہ کرم اپنے GP سے رابطہ کریں۔

**مزید معلومات**

آپ طریقہ کار اور اپائنٹمنٹ کی مزید تفصیلات کے لیے ذیل کی ویب سائٹ تک رسائی حاصل کر سکتی ہیں یا بریسٹ کینسر ناؤ (Breast Cancer Now) کی ہیلپ لائن کو 0808 800 6000 پر فون کر سکتی ہیں۔

**بریسٹ کینسر ناؤ** https://breastcancernow.org/information-support/facing-breast-cancer/mammogram-breast-ultrasound

یہ پرچہ لندن پیشنٹ گروپس (London Patient Groups) اور ٹرانسفارمنگ کینسر سروسز ٹیم فار لندن (Transforming Cancer Services Team for London) نے اپ ڈیٹ کیا تھا۔

**آپ کی تفتیشات اور نتائج کے لیے ایک تخمینی ٹائم لائن ذیل میں دی گئی ہے لیکن اگر آپ کی علامات پیچیدہ ہیں یا آپ کو متعدد ٹیسٹوں کی ضرورت ہے تو یہ طویل ہو سکتی ہے۔**

**GP ریفرل**
آپ کا GP آپ کو چھاتی کے اسپیشلسٹ کے ساتھ اپائنٹمنٹ کے لیے اور کچھ ٹیسٹ کرنے کے لیے آپ کو ہسپتال کی بریسٹ یونٹ میں ریفر کرے گا

**ہسپتال میں اپائنٹمنٹ**
آپ کا GP یا ہسپتال کسی اسپیشلسٹ کے ساتھ فوری اپائنٹمنٹ اور آپ کی اپائنٹمنٹ کے مدنظر ہدایات کا بندوبست کرے گا۔ براہ کرم اس اپائنٹمنٹ کو ترجیح دیں

آپ کی اپائنٹمنٹ آپ کی علامات اور نتائج کے بارے میں ماہر کے ساتھ بات چیت کے لیے ہوگی۔ آپ اپنے ساتھ خاندان کے کسی فرد یا دوست کو لا سکتے ہیں

**مزید تفتیش**
بریسٹ ٹیم آپ کی علامت کی وجہ کا تعین کرنے کے لیے کچھ ٹیسٹ کرے گی اور وہ اپائنٹمنٹ والے دن ہی تمام ٹیسٹ کرنے کا ہدف رکھیں گے۔

میموگرام، الٹر ساؤنڈ اور/یا بایوپسی مزید تفتیشات ہو سکتی ہیں

**نتائج**
تصویر نگری کے نتائج عموماً کلینک میں آپ کی موجودگی کے دوران ہی دستیاب ہو جاتے ہیں۔
بایوپسی کے نتائج کے لیے آپ سے رابطہ کیا جائے گا یا آپ سے تقریبا اگلے ہفتے واپس آنے کو کہا جائے گا۔

**کینسر کی تشخیص ہوئی ہے**
چھاتی کا آپ کا اسپیشلسٹ آپ کو یہ بتانے کے لیے کہ کینسر کی تشخیص ہوئی ہے آپ سے رابطہ کرے گا اور آپ سے علاج پر گفتگو کرے گا

آپ کی کینسر کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم اور آپ کا GP دونوں اس بارے میں آپ کے سوالوں کے جواب دیں گے کہ آپ کیا توقع رکھیں اور علاج شروع کرتے وقت آپ کو مزید مدد کہاں سے مل سکتی ہے

**کینسر کو نکال دیا گیا**
چھاتی کا آپ کا اسپیشلسٹ آپ کو یہ بتانے کے لیے لکھے گا کہ کینسر کو نکال دیا گیا ہے اور آگے کیا ہو گا

آپ کو اب بھی ایسی علامات لاحق ہو سکتی ہیں جن کی تفتیش کئے جانے کی ضرورت ہے اور اگر یہ برقرار رہتی ہیں یا زیادہ سنگین ہو جاتی ہیں تو آپ کو اپنے GP سے رابطہ کرنا چاہیے

**ٹائم لائن**

ہسپتال میں اپائنٹمنٹ
14 دن

تشخیص یا کینسر کو نکال دیا گیا
28 دن

علاج کرنے کا فیصلہ
31 دن

پہلا علاج
62 دن